گُلّی کا خاص بکسہ

Original Publisher: Pratham Books
Author: Anupama Ajinkya Apte
Illustrator: Anupama Ajinkya Apte
Translator: Sameena Abdul Kareem Shaikh

''کیا ہوا دادا جی؟ آج آپ اخبار کیوں نہیں پڑھ رہے ہیں؟'' ایک صبح گُلّی نے دادا جی سے پوچھا۔

''کیا بتاؤں بیٹا۔ میرا تو چشمہ ہی ٹوٹ گیا ہے اور اس کے بنا میں پڑھ نہیں سکتا۔'' دادا جی نے کہا۔

''اوہ، پریشان نہ ہوں دادا جی۔ میں ابھی جاتا ہوں اور اپنا بکسہ لے کر آتا ہوں۔''

گُلّی جھٹ سے اپنا چھوٹا سا بکسہ لے آیا۔

ٹن ٹنا ٹن ! دھڑام دھوم!

ارے! یہ کیا نکلا گُلّی کے غضب پٹارے سے۔ ایک چمچماتا، جگمگاتا، میگنی فائنگ لینس۔

اگر آپ اس سے دیکھیں، تو آپ کو سب کچھ بڑا اور بہتر نظر آئے گا۔

’’شکریہ بیٹا۔ یہ تو کمال کا ہے۔ اب میں ایک ایک لفظ صاف صاف پڑھ سکتا ہوں۔ ‘‘ داداجی بولے۔

''کیا ہوا منگل چاچا؟'' وہ پریشان لگ رہے تھے۔

''مجھے اس پیکٹ سے تیل نکال کر بوتل میں ڈالنا ہے اور دیکھو نا بوتل کا منہ کتنا چھوٹا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آج میرا باورچی خانہ ضرور گندا ہو جائے گا۔'' منگل چاچا نے کہا۔ ''فکر نہ کریں چاچا۔ میں بس یوں گیا یوں آیا۔'' گُلّی نے کہا۔

ٹن ٹناٹن ! دھڑام دھوم!
آؤ دیکھیں کیا نکلتا ہے گُلّی کے غضب بکسے سے۔

ارے یہ کیا ! ایک چوڑے منہ والی قیف ۔ اس میں اوپر سے کچھ بھی انڈیلیں اور دیکھیں کیسے صفائی سے بوند بوند نکلتی ہے ۔

"یہ لیجیے منگل چاچا، اس سے آپ کا باورچی خانہ رہے گا صاف اور کھانا بنانا بھی ہوگا آسان ۔''

''مدد کے لیے بہت بہت شکریہ بیٹا۔''

''آپ کیا ڈھونڈ رہی ہیں دادی ماں؟'' گُلّی نے پوچھا۔
''ارے بیٹا میں دادا جی کی اونی ٹوپی کی سلائی کر رہی تھی اور میرے ہاتھ سے سوئی نیچے گر گئی۔'' دادی ماں بولیں۔
''آپ یہاں آرام سے کرسی پر بیٹھیں اور میں لے کر آتا ہوں اپنے چھوٹے سے بکسے میں سے ایک خاص چیز۔''

ٹن ٹناٹن! دھڑام دھوم!

اس بار گُلّی کو کیا ملا؟ مقناطیس جس سے لوہے کی چیزیں چپک جاتی ہے۔

''اب میں اسے زمین پر گھُماؤں گا اور جلد ہی سوئی مل جائے گی۔'' گُلّی بولا۔

''یہ دیکھیے دادی ماں آپ کی سوئی مل گئی اور ساتھ ہی بہت سی کھوئی ہوئی چیزیں بھی۔''

''شکریہ گُلّی بیٹا تم بہت ذہین ہو اور تمھارا یہ چھوٹا سا بھورا بکسہ غضب کا ہے۔'' دادی ماں مسکراتے ہوئے بولیں۔

Story Attribution:

This story: گلّی کا خاص بکسہ is translated by Sameena Abdul Kareem Shaikh . The © for this translation lies with SCERT, Maharashtra, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Gulli's Box of Things', by Anupama Ajinkya Apte . © Pratham Books , 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: A boy carrying a box and surrounded by his family, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: A boy and an old man with a newspaper in his hand, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Boy running and carrying a box , by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Boy using a magnifying glass, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Boy and an old man using a magnifying glass to read, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Boy and man in the kitchen, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Boy sifting through a box, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Boy holding a funnel and dancing, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Boy eating and man pouring oil in a kitchen, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Boy with a cricket bat and old woman, by Anupama Ajinkya Apte © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

گُلّی کا خاص بکسہ

(Urdu)

گُلّی کے پاس ایک غضب کا بکسہ ہے۔ جس میں سے نکل آتی ہیں طرح طرح کی چیزیں۔ لیکن گُلی ان سب چیزوں کا کیا کرتا ہے؟ چلیے پتہ لگائیں۔ اور پھر شاید آپ بھی بنانا چاہو اپنا ایسا ہی خاص بکسہ۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.